بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اداریہ

عصر جدید میں علم وشعور کی برق رفتار ترقی کی وجہ سے پیدا ہونے والے تغیر وتبدل نے جہاں انسانی زندگی کو تعیش وراحت سے آراستہ کیا ہے وہیں اسے گونا گوں مشکلات اوران گنت مسائل کا بھی شکار کر دیا ہے۔عصر جدید کے ان گونا گوں مشکلات ومسائل سے نجات اور جہدللبقاء کی کشمکش میں فی زمانہ حیاتِ انسانی طرح طرح کے وسوسوں، واہموں اور شکوک کے بھنور میں غوطے کھا رہی ہے۔تہذیبِ حاضر کی ان چیرہ دستیوں نے عالم انسانیت کی اساسی روایات واقدار کو عاجز کر رکھا ہے،نظریات وعقائد کی بنیادوں میں ایک زلزلہ بپا ہے،مسائل کا دہکتا ہوا سورج سوا نیزے پر کھڑا ہے،خوف وبے چینی کی شب رنگ گھٹائیں ہرطرف خیمہ زن ہیں،انسانیت برہنہ پا وبرہنہ سر مصائب کے خارزاروں میں بھٹکتی پھر رہی ہے اوراس کی رگِ حیات سکڑتی جا رہی ہے۔اس گھمبیر اور روح فرسا صورتِ حال سے عالمِ انسانیت کو نجات دلانا اور اسے امن وسکون کے ابدی اصولوں کی طرف رہنمائی کرنا دورِ حاضر کی سب سے بڑی نیکی اورانسانیت کی عظیم خدمت ہے، یہ ذمہ داری سب سے زیادہ مسلمان اصحابِ علم ودانش پر عائد ہوتی ہے،کیونکہ ان کے پاس اس کائنات کے خالق ومالک کی نازل کردہ سچی کتاب اوراس کے پیغمبر محسنِ انسانیت جناب رسالت مآب ﷺ کی تعلیمات موجود ہیں۔اس بات میں کوئی دوسری رائے نہیں کہ قرآن وسنت ہی وہ نسخہِ تریاق ہے جو جاں بلب انسانیت کواس ساری صورت حال سے نجات دلا کر حیاتِ جاوداں عطا کرسکتا ہے،کیونکہ قرآن وسنت کی تعلیمات اتنی ہمہ گیر ووسیع ہیں کہ جتنی بذات خود زندگی اپنی بوقلموں تنوع کے ساتھ وسیع ہے۔مجلّہ معارف اسلامی کی بنیاد بھی رجوع الی القرآن والسنۃ کے اس عظیم مقصد کے حصول کی خاطر رکھی گئی تھی۔مجلّہ معارف اسلامی کا مشن ہی قرآن وسنت کی سچی اور پاکیزہ تعلیمات کو تحقیقی بنیادوں پر منظر عام پر لانا اوراس جہان آب وگل کوانسانیت کے لیے گہوارہ امن وسکون بنانا ہے،تاکہ انسانی معاشرے کی سکڑتی ہوئی رگِ حیات کوتازہ و صالح خون فراہم ہواورایک ایسا معاشرہ وجود میں آئے جس کی آغوش تحمل وبرداشت،رواداری ووسعت نظری اورامن و سکون کی آئینہ دار ہو۔

الحمدللہ! علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد تشنگان علوم کی تشنگی کا سامان بہم پہنچانے کے ساتھ ساتھ ان ہی

مقاصد کے حصول کی تگ ودو میں مصروف عمل ہے اور جامعہ کے کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ کا تحقیقی مجلّہ ''معارف اسلامی'' علمی اور تحقیقی بنیادوں پر اپنے تئیں انسانیت کی خدمت اور راہنمائی کے فریضہ کی ادائیگی کے لیے کوشاں ہے۔

معارف اسلامی کا موجودہ شمارہ اردو، عربی اور انگریزی زبان میں لکھے گئے ان تحقیقی مضامین پر مشتمل ہے جن میں عصر حاضر میں پیش آمدہ مسائل کا قرآن وسنت کی روشنی میں حل پیش کرنے کی حتیٰ المقدور سعی کی گئی ہے۔ ہم ان تمام اہل علم کے شکر گزار ہیں جن کی علمی نگارشات اس مجلّہ کی اشاعت میں ممد ومعاون ثابت ہوئیں اور بالخصوص شیخ الجامعہ پروفیسر ڈاکٹر شاہد صدیقی کا جنہوں نے مجلّہ ہذا کی اشاعت تک کے تمام مراحل میں خصوصی دلچسپی ظاہر کی اور موقع بر موقع اپنی قیمتی آراء سے نوازتے رہے۔ آخر میں ہم بارگاہ ایزدی میں دست بدعا ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کی کوششوں کو شرف قبولیت بخشے اور انسانیت کی راہنمائی کا ذریعہ بنائے۔ آمین یارب العالمین

پروفیسر ڈاکٹر عبدالحمید خان عباسی

مدیر